توسیع شدہ ورژن

والدین/سرپرستوں کے لیے سوالات و جوابات

NYC KiDS RiSE | Save for College Program

nyckidsrise.org

1. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کیا ہے؟

NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام آپ، آپ کے خاندان اور آپ کی برادری کو آپ کے بچے کے مستقبل کے لیے بچت کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتا ہے۔ یہ اسکالرشپ (وظیفے) اور بچت کا ایک پروگرام ہے جسے آپ کے بچے کے لیے کالج کو زیادہ قابل رسائی اور قابل حصول بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام ضلع 30 کے کنڈر گارٹن کے تمام طلبا کے لیے—ان کے خاندان کی آمدنی یا نقل وطن کی حیثِت سے قطع نظر کھلا ہے۔

ہر اہل طالب علم کو پہلے سے ہی اسکالرشپس (وظیفے) دے کر اور خاندانوں کو کالج کے لیے بچت کے اپنے ذاتی منصوبے بنانے کے لیے آلہ کار اور معلومات فراہم کر کے ، سیو فار کالج پروگرام خاندانوں کو اپنے بچوں کے مستقبل کے لیے بنیاد رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ سیو فار کالج پروگرام ہمارے بچوں کو اپنے کالج کے خوابوں کی تعبیر میں مدد فراہم کرنے کے لیے پوری برادری کو ساتھ شامل کرے گا۔

2. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کا اسکالرشپ والا حصہ کیسے کام کرتا ہے؟

NYC Kids RISE خودبخود آپ کے کنڈرگارٹن کے طالب علم کے لیے ایک **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹ میں خودبخود **$100** شامل کرے گا، ماسوائے یہ کہ آپ شرکت نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ جنوری سے شروع کرتے ہوئے، ہم آپ کے ساتھ اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے اضافی سرمائے وصول کرنے کے مواقع کا اشتراک کریں گے۔ برادری کے دیگر اراکین، بشمول برادری کی تنظیمیں اور کاروبار، بھی آپ کے بچے کو اس کے کالج کے اہداف کے حصول میں مدد کرنے کے لیے اسکالرشپ اکاؤنٹس میں اپنا حصہ ادا کرنے کے قابل ہوں گے۔

اسکالرشپ کے سرمائے کو **NY 529** ڈائریکٹ پلان میں لگایا جائے گا، جو اکاؤنٹ کی ایک ایسی قسم ہے، جسے خاندانوں کو اسکول کے لیے بچت کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اسکالرشپ اکاؤنٹ میں معاشی مارکیٹوں اور سرمایہ کاری کی کارکردگی کی بنیاد پر وقت کے ساتھ پیسوں میں اضافہ یا کمی ہو سکتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جس وقت وہ بچہ کالج کو جائے گا، تو ہو سکتا ہے کہ اس وقت بچے کے **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹ میں دستیاب رقم اصلی طور پر جمع کی گئی رقم سے زیادہ یا کم ہو۔

3. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کا بچت والا حصہ کیسے کام کرتا ہے؟

اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ میں سرمایہ کاری کردہ پیسوں کو بڑھانے کے لیے، ضلع 30 کے کنڈرگارٹن کے طلبا کے والدین اور سرپرستوں کے پاس بھی کالج کے لیے بچت کا اپنا اکاؤنٹ کھلوانے کا موقع ہو گا۔ والدین، سرپرست، رشتہ دار اور دوست اس اکاؤنٹ میں براہ راست حصہ ڈال سکتے ہیں اور اپنے بچے کے **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹ کے ساتھ اپنی بچت کا بیلنس کا حساب رکھ سکتے ہیں۔ جب آپ کے بچے کو اس کا اسکالرشپ اکاؤنٹ مل جائے گا، تو **NYC Kids RISE** اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا کہ کالج کے لیے بچت کرنے کے لیے آپ اور آپ کے خاندان کے لیے موزوں منصوبہ کیسے بنایا جائے۔

4. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کیوں بنایا گیا؟

کالج کے لیے پیسے جمع کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ کئی والدین کے لیے اپنے بچوں کو کالج بھیجنا ناممکن لگ سکتا ہے۔ تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ جو بچے کالج جاتے ہیں، وہ اپنی زندگیوں میں بڑی حد تک زیادہ آمدنی حاصل کرتے ہیں۔ تحقیق یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ بچت کے لیے $1 سے $500 تک کے چھوٹے اکاؤنٹس رکھنے والے بچوں کا کالج میں داخلے کا امکان تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور سندیافتہ ہونے کا امکان کا چار گنا زیادہ ہوتا ہے۔

نیو یارک شہر اور محکمۂ تعلیم کے ساتھ شراکت میں، **NYC Kids RISE** نے خاندانوں کو مدد فراہم کرنے کے لیے سیو فار کالج پروگرام شروع کیا ہے، تاکہ وہ اپنے بچے کے اسکول کے پہلے دن سے ہی کالج کے لیے بچت اور منصوبہ بندی شروع کر دیں۔

5. سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے کا کون اہل ہے؟

اس ابتدائی مرحلے میں، کوئینز میں ضلع 30 پبلک اسکولوں کے کنڈر گارٹن کے تمام طلباء شرکت کر سکتے ہیں۔ ضلع 30 پبلک اسکول میں جانے والے ہر کنڈرگارٹن کے طالب علم کو سیو فار کالج پروگرام کی «آپٹ آؤٹ ویوز» کی ابتداء سے اختتام تک خودبخود پروگرام میں شامل کر لیا جائے گا، ماسوائے یہ کہ ان کے والدین شرکت نہ کرنے کا انتخاب کریں۔

6. کون سے اسکول حصہ لے رہے ہیں؟

کوئینز میں ضلع 30 کے تمام پبلک اسکولز NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔

7. میں شرکت کیسے کروں؟

آغاز کرنا اور اپنے بچے کے مستقبل میں سرمایہ کاری کی ابتدا کرنا آسان ہے۔ NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے کے تین سادے مراحل ہیں:

- خزاں 2017 کے دوران، کوئینز میں ضلع 30 کے کسی پبلک اسکول میں جانے والے ہر کنڈر گارٹن کے ہر طالب علم کو خودبخود 100$ کے ساتھ ایک 2017 اسکالرشپ اکاؤنٹ دے دیا جائے گا، ماسوائے یہ کہ ان کا خاندان نہ شرکت کرنے کا فیصلہ کرے۔
- جنوری سے شروع کرتے ہوئے، NYC Kids RISE کی ویب سائٹ پر جائیں اور اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو دیکھنے اور وقت کے ساتھ اپنے بیلنس کا حساب رکھنے کے قابل ہونے کے لیے سائن اپ کریں۔ جب آپ اپنے اسکالرشپ اکاؤنٹ کو دیکھنے کے لیے سائن اپ کرتے ہیں، تو NYC Kids RISE اکاؤنٹ میں ایک اضافی رقم جمع کر دے گا۔
- اس کے علاوہ، جنوری میں شروع کرتے ہوئے، کالج کے لیے بچت کرنے کے انتخابات اور اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کسی ورک شاپ میں شرکت کریں یا nyckidsrise.org ملاحظہ کریں، کہ کالج کے لیے بچت کا ایک ایسا منصوبہ کیسے بنائیں، جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے درست ہو۔

8. اگر میں شرکت نہ کروں، تو کیا ہو گا؟

کنڈرگارٹن کے اہل طلبا کے والدین/سرپرستوں کے پاس اسکول کو اس بارے میں مطلع کرنے کا ایک موقع ہو گا کہ وہ اپنے بچے کو سیو فار کالج پروگرام میں شامل نہیں کروانا چاہتے۔ اکتوبر کے وسط میں، آپ کے کنڈرگارٹن کلے طالب علم کو ان کے اسکول کی جانب سے ایک آپٹ-آؤٹ (خارج ہونے) کا نوٹس موصول ہو گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کو 100$ کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ یا مستقبل میں سرمائے موصول ہوں، تو آپ کو آپٹ-آؤٹ نوٹس پر دستخط کرنے چاہیں اور اسے موصول ہونے کی تاریخ کے 30 دن کے اندر اپنے بچے کے اسکول کو واپس کرنا چاہیے۔

9. اگر میں سیو فار کالج پروگرام سے خارج نہ ہوں، تو کیا ہو گا؟

خارج ہونے کے 30 دن کے دورانیے کے بعد، محکمۂ تعلیم NYC Kids RISE کو کنڈر گارٹن کے ہر اس طالب علم کے نام اور بنیادی معلومات بھیجے گا، جن کے والدین نے سیو فار کالج پروگرام سے خارج نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس معلومات میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں گی: بچے کا نام، سالگرہ، اسکول، گریڈ، گھر کا پتہ، گھر کا فون نمبر، اور گھر کی زبان؛ اور والدین/سرپرست کے نام اور رابطہ معلومات (اگر یہ DOE کو فراہم کی گئی تھیں تو)۔ اس ڈیٹا کی مدد سے NYC Kids RISE کو شرکت کرنے والے ہر بچے کے لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ بنانے اور اکاؤنٹ میں 100$ جمع کروانے میں مدد ملے گی۔

10. میری امیگریشن کی صورت حال میری شرکت پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟

اس بات سے قطع نظر کہ بچے یا اس کے اہل خانہ کی امیگریشن کی صورت حال کیا ہے، ضلع 30 کے ہر بچے کو ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ ملے گا، ماسوائے یہ کہ والدین/سرپرست خود شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کریں۔ جنوری میں، NYC Kids RISE ایسے اہل خانہ کے لیے اضافی معلومات فراہم کرے گی جو اسکالرشپ اکاؤنٹ کے علاوہ بچت کرنے کے لیے اپنے ذاتی کالج سیونگ (بچے کے) اکاؤنٹس بھی کھلوانا چاہتے ہوں۔

11. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی رقم کہاں پر استعمال کی جاسکتی ہے؟ کیا اس کے طریقہ استعمال پر کوئی پابندیاں موجود ہیں؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری NY 529 ڈائریکٹ پلان میں ہوتی ہے اور اس کو صرف تعلیمی مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان میں کالج کے دو سالہ و چار سالہ پروگرام اور طرز معاش کے دیگر تربیتی پروگرام شامل ہیں۔ اسکالرشپ کی رقوم کو ٹیوشن، فیسوں، آلات، تعلیمی رہائشی اخراجات کے علاوہ دیگر ایسی چیزوں پر بھی خرچ کیا جا سکتا ہے جو دیگر اسکالرشپس میں عام طور پر شامل نہیں ہوتیں مثلًا نصابی کتابیں وغیرہ۔ ان رقوم کو نیویارک اور پورے ملک کے اسکولوں میں خرچ کیا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ بیرون ملک بعض اسکولوں میں بھی خرچ کیا جا سکتا ہے۔

CYN اسکالرشپ اکاؤنٹ کی رقم کو خرچ کرنے کے طریقہ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nyckidsrise.org ملاحظہ کریں۔

12. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کو منتظم کون کرتا ہے؟

سیو فار کالج پروگرام کو NYC Kids RISE کے ذریعے نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم اور نیو یارک شہر کی شراکت سے منتظم کیا جاتا ہے۔ NYC Kids RISE ایک غیر نفعی تنظیم ہے جو خاندانوں، اسکولوں اور برادریوں کو بچوں کی تعلیم کے لیے بچت کرنے کے لیے ایک ساتھ کام کرنے کا ایک طریقہ فراہم کر کے معاشی مواقع اور مساوات کو توسیع دیے کے لیے کام کر رہی ہے۔ اہل خانہ اپنے بچوں کے مستقبل کے ساتھ جو خواب اور توقعات وابستہ کرتی ہیں ان کی تعمیر کے لیے،

NYC Kids RISE کا ہدف ہے کہ وہ نیو یارک شہر کے تمام پبلک اسکولوں کے طلباء کے لیے کالج جانے اور وہاں سے سندیافتہ ہونے کی راہ ہموار کرے — اس سے قطع نظر کہ طلبا کا تعلق کہاں سے ہے یا یہ کہ ان کی اہل خانہ کے پاس بینک میں کیا کچھ موجود ہے۔

13. سیو فار کالج پروگرام کے بارے میں مزید معلومات مجھے کہاں سے مل سکتی ہے؟

NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کے بارے میں مزید معلومات آپ کو اپنے بچے کے اسکول میں اور آن لائن nyckidsrise.org سے مل سکتی ہے۔

14. اگر ہم بچے کے ہائی اسکول سے گریجوئیٹ ہونے سے پہلے ڈسٹرکٹ 30 سے نکل جاتے ہیں، تو میرے بچے کی اسکالرشپ کو کیا ہو گا۔

ایک مرتبہ جب آپ کے کنڈرگارٹنر کو ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ مل گیا، تو اسے اس اکاؤنٹ تک رسائی حاصل رہے گی، بےشک اگر آپ نیو یارک سٹی میں کسی دیگر پبلک یا چارٹر اسکول میں چلے جائیں۔ آپ کا بچہ کچھ مخصوص اضافی ترغیبات کے لیے بھی اہل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ NYC پبلک اسکول سسٹم سے چلا جاتا ہے، تو آپ کا بچہ پھر بھی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پہلے سے موجود فنڈز کے لیے اہل ہو گا، لیکن وہ کسی قسم کے بھی اضافی فنڈز کے لیے اہل نہیں ہو گا۔

15. اگر میرا بچہ ہائی اسکول سے گریجوئیٹ کرنے سے پہلے اس پروگرام میں شرکت کرنے والے ڈسٹرکٹ 30 کے کسی دوسرے اسکول میں منتقل ہو جاتا ہے، تو کیا ہو گا۔

ڈسٹرکٹ 30 کے اندر موجود شرکت کرنے والے کسی دوسرے اسکول، بشمول شرکت کرنے والے چارٹر اسکولز، میں منقل ہونے والا کوئی بھی طالبعلم سیو فار کالج پروگرام میں برقرار رہے گا اور شرکت کرنے سے حاصل ہونے والے تمام بینیفٹس کے لیے اہل ہو گا۔

16. میں ڈسٹرکٹ 30 میں رہتا ہوں، لیکن میرا بچہ کسی دوسرے ڈسٹرکٹ میں اسکول پڑھتا ہے۔ کیا میں پھر بھی NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کر سکتا ہوں؟

نہیں، اس وقت صرف شرکت کرنے والے اسکولوں میں پڑھنے والے بچے ہی شرکت کرنے کے اہل ہیں۔

17. کوئینز میں ڈسٹرکٹ 30 کو شرکت کرنے والے پہلے اسکول ڈسٹرکٹ کے طور پر کیوں منتخب کیا گیا۔

اسکول ڈسٹرکٹ 30 کو NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے والے پہلے اسکول ڈسٹرکٹ کے طور پر منتخب کیا گیا تھا، کیونکہ اس کی آبادی نیو یارک سٹی کی پبلک اسکول کی آبادی کی مجموعی طور پر عکاسی کرتی ہے۔ اس ڈسٹرکٹ میں نئے سیو فار کالج پروگرام کی معاونت کرنے اور اس کے بارے میں خبر پھیلانے کے لیے اسکول اور کمیونٹی پر مبنی مضبوط شراکت دار بھی موجود ہیں۔

18. میرے بچے کا اسکول سیو فار کالج پروگرام میں کیسے حصہ لے گا؟

NYC Kids RISE نیو یارک کے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اور ڈسٹرکٹ 30 کے ساتھ مل کر سیو فار کالج کے بارے میں معلومات دیتا ہے تاکہ لوگوں کی مدد کی جا سکے اور طالبعلموں کو مالی طور پر صورتحال اور مواقعوں سے آشنا کیا جا سکے-

19. سیو فار کالج پروگرام , NYC KIDS RISE میرے بچے کے بارے میں کیا معلومات چاہتی ہے؟

آپ کے بچے کو NYC Kids RISE کی جانب سے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فراہم کیے جانے کے لیے، NYC Kids RISE شرکت کرنے والے ہر بچے کے بارے میں NYC ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن [NYC Department of Education (DOE)] سے درج ذیل معلومات حاصل کرے گا: بچے کا نام، سالگرہ، اسکول، گریڈ، گھر کا پتہ، گھر کا فون نمبر اور گھر میں بولی جانے والی زبان؛ اور والدین / سرپرست کے نام، فون نمبرز اور ای میل ایڈریسز (اگر یہ DOE کو فراہم کیے گئے ہوں تو)۔

20. میرے بچے اور میری ذاتی معلومات کیسے استعمال ہوں گی ؟

شرکت کرنے والے خاندانوں کے متعلق اس بنیادی معلومات کو طالبعلم کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو ترتیب دینے اور خاندانوں کو سیو فار کالج پروگرام کے متعلق تعلیم دینے اور ساتھ ہی ساتھ پروگرام کے جائزے اور تحقیق کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ آپ NYC Kids RISE کو فراہم کردہ رابطہ معلومات کی تجدید کرنے اور مخصوص اقسام کے رابطوں سے آن سبسکرائب کرنے کے قابل ہوں گے۔

21. اگر میں پہلے سیو فار کالج میں شرکت کرنے سے انکار کرتا ہوں تو کیا بعد میں اپنے بچے کو پروگرام میں ڈال سکتا ہوں؟

ایسے والدین، جو اس آپٹ آؤٹ نوٹس کو مکمل کر کے واپس کرتے ہیں مگر بعد میں اپنا ارادہ تبدیل کر لیں اور شرکت کرنا چاہتے ہوں، تو انہیں NYC Kids RISE کے ساتھ (833-543-7473) 833-KID-RISE پر رابطہ کرنا چاہیے۔

22. سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے کا کون اہل ہے؟

اگر آپ داخل کیے جانے اور NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ موصول ہو جانے کے بعد سیو فار کالج پروگرام میں اپنے بچے کی شرکت کو منسوخ کرنا چاہتے ہوں، تو برائے مہربانی NYC Kids RISE کے ساتھ (833-543-7473) 833-KID-RISE پر رابطہ کریں۔

23. NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام کا نیویارک اسٹیٹ کے ٹیوشن فری ڈگری پروگرام ایکس سیلسر اسکالرشپ کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

NYC Kids RISE اور کمیونٹی کے اسپورٹرز کی جانب سے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس میں امداد کردہ

فنڈز کو تعلیم کے علاوہ بھی کئی مقاصد کےلیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی طالبعلم کسی CUNY یا SUNY کالج میں ایکس سیلسر اسکالرشپ کے ذریعے مفت تعلیم کے لیے اہل ہے، تو وہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے فنڈز کو کالج کے دیگر اخراجات کے لیے بھی استعمال کر سکتا ہیے-

ان میں کتابیں، سپلائیز، کمپیوٹرز اور کمرے اور بوڑڈنگ کی کچھ فیسیں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو پورے ملک میں زیادہ تر دو اور چار سال کے کالجز اور کریئر کے لیے تربیتی پروگراموں اور ساتھ ہی ساتھ کچھ بیرونی ممالک میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

24. کیا سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے کوئی اخراجات ہیں؟

نہیں سیو فار کالج پروگرام میں داخل ہونا بشمول سکالرشپ اکاؤنٹ کے خود کار اور مفت ہے- اگر کوئی خاندان پروگرام کے حصے کے طور پر کالج کےسیونگ اکاؤنٹ میں اپنی ذاتی فنڈزجمع کرانا چاہتا ہے، توNYC Kids RISE کالج کے لیے کم اور بغیر خرچ کےاختیارات کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا۔

25. ایک خاندان اسکالرشپ کے اضافی فنڈز حاصل کرنے کے قابل کیسےہو گا ؟

NYC Kids RISE بچوں اور ان کے خاندانوں کو وقت کے ساتھ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی قدر بڑھانے کے مواقع فراہم کرے گا ۔ مثال کے طور پر جب آپ اپنے اسکالرشپ اکاؤنٹ کو دیکھنے کے لیے سائن ان کریں گے، تو NYC Kids RISE اکاؤنٹ میں ایک اضافی رقم ڈیپازٹ کردی جاے گی۔ مستقبل میں، خاندانوں کو اپنے بچوں کے اسکالرشپ اکاؤنٹ میں مزید رقم جمع کروانے کے دیگر مواقع حاصل ہوں گے۔

26. 100$ میرے بچے کے کالج جانے کی اہلیت میں کیسے فرق ڈالے گا؟

کالج کے لیےسیونگ اکاؤنٹس اور اعلی تعلیم کا ارادہ رکھنے والے بچوں کے لیے کالج جانے اور گریجوئیٹ ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ تحقیق یہ بھی بتاتی ہے کہ 1$ سے 500$ تک چھوٹے اکاؤنٹس رکھنے والے بچوں کا کالج میں داخلے کا امکان تین گنا اور گریجوئیٹ ہونے کا چار گنا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ امید یہ ہے کہ طلباء کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ وقت کے ساتھ اور اضافی ترغیبات اور کمیونٹی کی معاونت (سرمایہ کاری میں ممکنہ منافع جات یا نقصانات پر منحصر) کے ذریعے بڑھیں گے، جو ہر بچے کے لیے کالج کو زیادہ قابل رسائی بنائے گا۔

27. میرے بچے کے ہائی اسکول سے گریجوئیٹ ہونے تک اس کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع ہو جائے گی؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری NY 529 ڈائریکٹ پلان میں ہوتی ہے اور اس کو صرف تعلیمی مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ NY 529 ڈائریکٹ پلان میں موجود فنڈز کی کمپاؤنڈ ارننگز والی مالیاتی مارکیٹوں میں سرمایہ کاری کرے گا، تاکہ اسکالرشپ اکاؤنٹ وقت کے ساتھ بڑھ سکے۔ مثلا، اگر آپ کے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ میں 300$ ہوں (100$ابتدائی امداد جمع 200$ کے ممکنہ انسینٹوز)، تو اسکے ہائی اسکول سے گریجوئیٹ ہونے تک اکاؤنٹ میں ممکنہ اضافہ تقریبا 500$ تک ہو گا۔ یہ 31 سالوں کے دوران تقریباً% 4.5 سالانہ فرضی ریٹرن ریٹ پر مبنی ہے۔ تاہم، چونکہ اسکالرشپ اکاؤںٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے،اس طرح سرمایہ کاری کی کارکردگی کی بنیاد پر پیسے کھو بھی سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جس وقت بچہ کالج پہنچے گا، تو ہو سکتا ہے کہ اس وقت بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں دستیاب رقم اصل ر پر ڈیپازٹ کی گئی رقم سے زیادہ یا کم ہو۔

28. اس بات کا فیصلہ کون کرے گا کہ اسکالرشپ کے فنڈز کی سرمایہ کاری کیسے ہو گی؟

NYC Kids RISE ، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کا مالک ہو گا اور اس بات کا تعین کرے گا کہ فنڈز کی سرمایہ کاری کیسے ہو گی۔ NYC Kids RISE نے اسکالرشپ اکاؤنٹ کو NY 529 ڈائریک پلان میں سرمایہ کاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ NY 529 ڈائریکٹ پلان سے متعلق مزید معلومات کے لیے، NYSaves.org ملاحظہ کریں یا 877-NYSAVES پر کال کریں۔

29. کیا میں اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں خود کی جمع رقم داخل کر سکتا ہوں؟

NYC Kids RISE اس سوچ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، کہکا اپنا سیونگ کالج کا اپنا سیونگ اکاؤنٹ کھلوانا اور رقم جمع کرنا درست ہے۔ انفرادی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس میں مدد نہیں کی جا سکتی۔ کمیونٹی کے اراکین، جن میں تنظیمیں اوردیگر کاروباری ادارے شامل ہیں، NYC Kids RISE کو عطیات دے کر طلباء کےکسی گروہ کی مدد کر سکتا ہیں۔

30. ایک 529 اکاؤنٹ کیا ہے؟

NY 529 ، اکاؤنٹ کی ایک ایسی قسم ہے، جسے خاندانوں کو اسکول کے لیے بچت کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔ایک 529 اکاؤنٹ میں پیسے وقت کے ساتھ بڑھ سکتے ہیں یہ پیسے ٹیکس بینیفٹس کے ساتھ آتے ہیں، ان میں ٹیکس سے آزاد آمدنی اور آمدنی کے ٹیکس میں ریاست کی جانب سے ممکنہ کمی ںبھی شامل ہیں۔تاہم، ایک 529 اکاؤنٹ میں پیسوں کے بڑھنے کی ضمانت نہیں دی جا سکتی اور ان کی قدر میں کمی آ سکتی ہے۔

31. ایک 529 اکاؤنٹ کسی بینک اکاؤنٹ سے کیسے مختلف ہے؟

بینک اکاؤنٹس اور 529 اکاؤنٹس، دونوں، کالج کے لیے رقم بچانے کے انتخابات ہیں۔ تاہم، 529 اکاؤنٹس کے ساتھ معاشی مارکیٹوں میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جو زیادہ ممکنہ خطرات اور زیادہ ممکنہ انعامات کے ساتھ آتے ہیں۔ ایک 529 اکاؤنٹ، جیسے NY 529 ڈائریکٹ پلان، میں امداد سے بھی ٹیکس بینیفٹس حاصل ہوتے ہیں، جیسا کہ سوال 29میں بیان کیا گیا ہے، جو کہ زیادہ تر بینک اکاؤنٹس کے ساتھ نہیں آتے۔

529 اکاؤنٹس کو خاص طور پر ہائی اسکول کے بعد بچے کی تعلیم کے لیے مخصوص طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اگر 529 اکاؤنٹ میں سے نکالی گئی رقم کو اہل تعلیمی خرچوں کے علاوہ کسی دیگر چیز کے لیے استعمال کر لے ، تو آمدنی کے نکالی گئی رقم والے حصے پر عام آمدنی کےطرح ٹیکس لیا جا ے گا اور خاندانوں کو آمدنی پر 10 فیصد جرمانے کے ٹیکس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ رقم نکالنے پر ریاستی اور مقامی ٹیکسوں کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

32. اگر میرے پاس اپنے بچے کے لیے پہلے سے 529 اکاؤنٹ موجود ہو، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی NY 529 ڈائریک پلان میں 529 اکاؤنٹ موجود ہو، جس کا بینیفشری کنڈرگارٹنر ہو، تو آپ کے پاس اس موجودہ اکاؤنٹ کو بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے «جوڑنے» اور دونوں اکاؤنٹس کا بیلنس ایک جگہ پر دیکھنے کا موقع ملے گا۔ اپنے موجودہ 529 اکاؤنٹ کو اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے جوڑنے کے متعلق مزید معلومات جنوری میں فراہم کی جائے گی۔

NYC Kids RISE سیو فار کالج پروگرام سرمایہ کاری سے متعلق مشورہ فراہم نہیں کرتا اور اس گاءیڈ میں کسی قسم کی سرمایہ کاری سے متعلق مدد نہیں کی جاتی۔

33. میں اپنے بچے کی تعلیم کے لیے بچت کیسے شروع کرسکتا ہوں؟

جنوری میں، کالج کے لیے بچت کرنے کے انتخابات اور اس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے کسی ورک شاپ میں شرکت کریں یا nyckidsrise.org ملاحظہ کریں، کہ کالج کے لیے بچت کا ایک ایسا منصوبہ کیسےبنایا جا سکتا ہے، جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے درست ہو۔ معلومات nyckidsrise.org پر آن لائین یا آپ کی کمیونٹی میں ورک شاپس پر دستیاب ہو گی۔NYC Kids RISE ہر خاندان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اپنے طور پر کالج کی بچت کےتمام انتخابات کو دیکھیں۔ آپ کو سرمایہ کاری کرنے سے پہلے اپنے ذاتی حالات پر غور کرنا چاہیے اور آپ سرمایہ کاری کے لیے کسی پیشہ ورانہ ماہر سے مشورہ لے سکتے ہیں۔

34. کیا میں ابھی جمع کرنا شروع کر سکتا ہوں؟

NYC Kids RISEکسی بھی وقت کالج کے لیے بچت کے انتخابات تلاش کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جنوری میں، NYC Kids RISE ایسی فیملیز کے لیے

اضافی معلومات فراہم کرے گی جو اسکالرشپ اکاؤنٹ کے علاوہ بچت کرنے کے لیے اپنے ذاتی کالج سیونگ اکاؤنٹس بھی کھلوانا چاہتے ہوں۔

35. سیو فار کالج پروگرام معاشی تعلیم سے متعلق کس قسم کے مواقع فراہم کرتا ہے؟

خاندانوں کو ایسے ٹولز اور معلومات مہیا کرنا جن سے وہ کالج کے لیے بچت کے اپنے منصوبے بنا سکیں؛ جنوری میں شروع ہوگے، کالج کے لیے بچت کرنے کے انتخابات اور اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کسی ورک شاپ میں شرکت کریں یا **nyckidsrise.org** ملاحظہ کریں، کالج کے لیے بچت کا وہ پلان بنائیں، جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے درست ہو۔ اور آپ کا کنڈرگارٹنر اس سال سے اپنی کلاس روم میں بنیادی معاشی تصورات سیکھے گا۔

36. جب میرا بچہ کالج جائے گا، تو میں رقم تک رسائی کیسے حاصل کر سکوں گا؟

NYC Kids RISE طلباء اور ان کے والدین/سرپرستوں کو اس بارے میں معلومات فراہم کرے گا، کہ جب طلباء ہائی اسکول میں ہوں، تو وہ کیسے اپنے **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹس تک رسائی کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔

37. کیا اسکالرشپ اکاؤنٹ کے فنڈز استعمال کرنے میں وقت کی کوئی آخری حد ہے؟

اسکالرشپ کے فنڈز کو استعمال کرنے کے لیے وقت کی آخری حدکنڈرگارڈن کے بعد سے لے کر **20** سال تک ہے!، جس کی آخری تاریخ جون میں ہو گی۔ شرکت کرنے والی پہلی کلاس جون **2018** میں کنڈرگارٹن مکمل کرے گی، لہذا وہ کسی اہل کالج یا کیریئر کی تربیت کے اخراجات کے لیے اپنے اسکالرشپ فنڈز کو جون **2038** تک درخواست جمع کرکے استعمال کرسکے گے۔ وقت کی اس حد کا مطلب ہے کہ زیادہ تر طلباء اس وقت تک 62 سال کی عمر کےہو جاے گے۔ اگر حد وقت کے بعد کوئی غیر دعوٰی شدہ فنڈز رہ جاتے ہیں، تو وہ فنڈز مستقبل میں سیو فار کالج پروگرام کی معاونت کے لیے **NYC Kids RISE** کو واپس چلے جائیں گے۔

38. سیو فار کالج پروگرام میں شرکت کرنے کا کون اہل ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود فنڈز صرف اسی صورت میں دستیاب ہوگے جب طالبعلم کسی اہل ادارے میں داخل ہو گا، جس میں دو سے چار سال کے کالجز اور ساتھ ہی ساتھ ماہرانہ تربیت اور سرٹیفیکیشن کے پروگرام شامل ہیں۔ اگر طالبعلم کنڈرگارٹن مکمل کرنے کے بعد 02 سال کے اندر ان فنڈز کا دعوی نہیں کرتا، تو وہ فنڈز مستقبل میں سیو فار کالج پروگرام کی معاونت کے لیے **NYC Kids RISE** کو واپس چلے جائیں گے۔

39. سیو فار کالج پروگرام پبلک بینیفٹس کی اہلیت کو کیسے متاثر کرے گا؟

چونکہ **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹس **NYC Kids RISE** کی ملکیت ہے اور وہی اسے منظم کر رہے ہیں اس لیے، اسکالرشپ اکاؤنٹ کی موجودگی کسی بھی طالبعلم اور اسکےا خاندان کی عوامی بینیفٹس کی درخواست پر اثر اندازنہیں ہو گی۔

اگر کوئی خاندان کالج کے لیے بچت کے اپنے اکاؤنٹ میں رقم محفوظ کرتا ہے، تو یہ اثاثہ چند مخصوص بینیفٹس پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

40. اگر میں نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (NYCHA) میں رہتا ہوں، تو سیو فار کالج پروگرام میرے کرائے کو کیسے متاثر کرے گا؟

چونکہ **NYC** اسکالرشپ اکاؤنٹس **NYC Kids RISE** کی ملکیت اور انتظام میں ہیں، اسکالرشپ اکاؤنٹ کی موجودگی کسی بھی طالبعلمور اسکے خاندان کی عوامی بینیفٹس کی درخواست یا **NYCHA** کی رہائشوں کے کرائیوں یا **NYC** ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (**NYC Department of Housing Preservation and Development**) کے ذریعے رہائش میں معاونت پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

اگر کوئی کالج کے لیےاپنے زاتی سیونگ اکاؤنٹ میں رقم محفوظ کرتا ہے، تو اسکے اثاثے درخواست دے کر زیر غور لایاجاسکتا ہے-

41. سیو فار کالج پروگرام کے بارے میں مزید معلومات مجھے کہاں سے مل سکتی ہے؟

nyckidsrise.org ملاحظہ کریں یا NYC Kids RISE کی ہاٹ لائین (833-543-7473) 833-KID-RISE پرکال کر کے

سیو فار کالج پروگرام کو NYC Kids RISE کے ذریعے NYC ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اور سٹی آف نیو یارک کی شرکت سے منتظم کیاگیا ہے۔ NYC Kids RISE نیو یارک کے 529 کالج سیونگز پروگرام سے نہ ہی منسلک ہے اور نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کنندہ ہے اور سرمایہ کاریوں کی سفارش یا سرمایہ کاری کا مشورہ نہیں دیتا۔

اپنے بچے پر سرمایہ کاری کریں – کالج کے لیے بچت کریں

جانیں کہ کیسے

nyckidsrise.org

NYC Kids RISE

NYC Office of the Mayor | Department of Education

GRAY FOUNDATION

Citi Community Development کی معاونت سے مواد کا حصول ممکن ہوا ہے۔